## قصبہ کالونی، اورنگی ٹاؤن، کٹی پہاڑی اور دیگر علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے آبادیوں پر حملوں،
## گھروں کو نذر آتش کرنے، معصوم شہریوں کو گولیاں مارنے اور دیگر پرتشدد کارروائیوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت
## شہر میں دہشت گردی کا بازار گرم ہوتا رہا مگر پولیس وانتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہی اور دہشت گردوں کو کھلی چھوٹ دیدی گئی
## کیا حکومت سے علیحدگی کی سزا ایم کیو ایم کو اس طرح دی جائے گی کہ کراچی کے نہتے شہریوں کو مسلح دہشت گردوں کے
## ذریعے بربریت کا نشانہ بنایا جائے گا؟ صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے الطاف حسین کا سوال
## اگر ہم نے اس دہشت گردی کے خلاف کل سے ہڑتالوں اور احتجاج کا اعلان کیا تو پھر یہ حکومت کے خاتمہ تک جاری رہے گا
## اسفند یار ولی سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے لوگوں کو متنبہ کریں اور قصبہ کالونی اورنگی ٹاؤن،
## کٹی پہاڑی کے اطراف کے علاقوں میں گھروں پر مسلح حملوں کا سلسلہ بند کرائیں

لندن۔۔۔5 جولائی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قصبہ کالونی، اورنگی ٹاؤن، کٹی پہاڑی اور شہر کے دیگر علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے آبادیوں پر حملوں، گھروں کو نذر آتش کرنے، معصوم وبے گناہ افراد کو گولیوں کا نشانہ بنانے اور دیگر پرتشدد کارروائیوں کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج مسلح دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر نے قصبہ کالونی، اورنگی ٹاؤن، کٹی پہاڑی اور دیگر ملحقہ علاقوں میں گھروں پر جدید وخودکار ہتھیاروں سے حملے کئے، گھروں کو لوٹا، کئی گھروں کو نذر آتش کیا اور کئی معصوم وبے گناہ افراد کو گولیاں مار کر شہید وزخمی کر دیا گیا۔ شہر میں آج صبح سے دہشت گردی کا یہ بازار گرم ہوتا رہا مگر پولیس وانتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہی اور دہشت گردوں کو کھلے عام کارروائی کی کھلی چھوٹ دیدی گئی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم نے اپنا جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے حکومت سے علیحدگی کا جو فیصلہ کیا ہے کیا اس کی سزا ہمیں اس طرح دی جائے گی کہ کراچی کے نہتے شہریوں کو مسلح دہشت گردوں کے ذریعے بربریت کا نشانہ بنایا جائے گا اور ان دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے انکی پشت پناہی کی جائے گی؟ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور آبادیوں پر مسلح حملوں کا یہ سلسلہ مستقل بنیادوں پر بند کرایا جائے، شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور مسلح دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس دہشت گردی اور آبادیوں پر حملوں کا یہ سلسلہ بند نہیں کرایا گیا تو ہم بھی پرامن احتجاج پر مجبور ہوں گے اور اگر ہم نے اس دہشت گردی کے خلاف کل سے ہڑتالوں اور احتجاج کا اعلان کیا تو پھر یہ ہڑتال ایک دن کی نہیں ہوگی بلکہ اس دہشت گردی اور حکومت کے خاتمہ تک جاری رہے گی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اے این پی کے سربراہ اسفند یار ولی سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے لوگوں کو متنبہ کریں اور قصبہ کالونی اورنگی ٹاؤن، کٹی پہاڑی کے اطراف کے علاقوں میں گھروں پر مسلح حملوں کا سلسلہ بند کرائیں۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کے حملوں سے متاثرہ عوام سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید ہونیوالوں کو جوار رحمت میں جگہ دے اور زخمیوں کو صحت کاملہ عطا کرے۔

## نجی ٹی وی چینل کے سینئر کرائم رپورٹر ذوالفقار پیرزادہ کو فائرنگ کرکے زخمی کرنے کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## واقعہ آزادی صحافت کے منافی ہے

کراچی:۔۔۔05 جولائی، 2011ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کٹی پہاڑی کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے نجی ٹی وی چینل کے سینئر کرائم رپورٹر ذوالفقار پیرزادہ کو فائرنگ کرکے زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعہ کو آزادی صحافت کے منافی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کٹی پہاڑی پر مسلح دہشت گردوں نے باقاعدہ مورچہ بند ہوکر قبضہ کر رکھا ہے جہاں سے دہشت گرد معصوم ونہتے شہریوں کو فائرنگ کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ذوالفقار پیرزادہ اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں مصروف تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے انہیں فائرنگ کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا۔ رابطہ کمیٹی نے ذوالفقار پیرزادہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ذوالفقار پیرزادہ پر فائرنگ کے واقعہ کا نوٹس لیں اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے اور صحافیوں اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے کٹی پہاڑی سے دہشت گردوں کے قبضے کو فلفور ختم کروائیں۔

## شہر میں حالیہ قتل و غارتگری اور بدامنی کے واقعات امن تباہ کرنے کی کوششوں کا تسلسل ہیں، رابطہ کمیٹی
## دہشت گردوں کی کارروائیوں سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام کی جان ومال کو کوئی تحفظ حاصل
## نہیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بے بس ہو چکے ہیں
## دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق افراد کے سوگوار لواحقین سے رابطہ کمیٹی کا دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔05 جولائی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی جانب سے شہر میں حالیہ قتل و غارتگری اور بدامنی کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں اچانک قتل وغارتگری اور بدامنی کے واقعات ایک منظم اور گھناؤنی سازش کا حصہ ہیں اور شہر کا امن تباہ کرنے کی کوششوں کا تسلسل ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک جانب دہشت گرد شہر میں بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان اور دیگر جرائم کی وارداتیں کھلے عام کررہے ہیں اور دوسری جانب دہشت گردوں کی جانب سے کٹی پہاڑی، حسن اسکوائر، شیر شاہ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں معصوم اور بے گناہ لوگوں کو خون میں نہلانے کے واقعات ہر پرامن شہری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں بھاری نفری کی تعیناتی کے باوجود دہشت گردوں کی کارروائیوں سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام کی جان ومال کو کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بے بس ہو چکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں حالیہ قتل و غارتگری اور بدامنی کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ان واقعات میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف فی الفور کارروائی عمل میں لاکر عوام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت آزاد جموں وکشمیر کے حلقہ ایل اے 30 اور ایل اے 36 کے انتخابات کیلئے عوامی رابطہ مہم کا آغاز کردیا گیا
## حسن کالونی یوسی 2 لیاقت آباد اور جمشید کوارٹر یوسی 10 پی آئی بی میں کارنر میٹنگوں کا انعقاد
## کشمیری نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کی کثیر تعداد میں شرکت، حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرنے کے عزم کا اظہار

کراچی:۔۔۔05 جولائی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امور کمیٹی کے زیر اہتمام آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حلقہ ایل اے 30 اور ایل اے 36 کے انتخابات کے سلسلہ میں عوامی رابطہ مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں اقلیتی امور کمیٹی کے تحت حسن کالونی یوسی 2 لیاقت آباد اور جمشید کوارٹر یوسی 10 پی آئی بی سیکٹر جمشید ٹاؤن میں کارنر میٹنگز کا انعقاد کیا گیا جن میں اقلیتی امور سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کے علاوہ ہمدردوں کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اور حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرانے کے عزم کا اظہار کیا۔اس موقع پر اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد، جوائنٹ انچارج گوسوامی وجے مہاراج واراکین کمیٹی پطرس یوسف اور منور جان بھی موجود تھے۔ کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک میں بسنے والے 98 فیصد مظلوم محکوم طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے اب وہ دن دور نہیں جب ملک سمیت آزاد کشمیر سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور غریب متوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوگی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 63 برس سے پاکستان سمیت کشمیر کا دو فیصد استحصالی طبقہ مظلوم عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے اپنی نام نہاد سیاست چمکا رہا ہے لیکن اب کشمیر میں جناب الطاف حسین نے مظلوم عوام کو سہارا اور ہمت دیدی ہے اور جناب الطاف حسین کی قیادت میں کشمیری عوام بھی اپنے حقوق کے حصول کیلئے متحد ومنظم ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہی ہے، ایم کیو ایم حکومت میں ہو یا حکومت سے باہر ایم کیو ایم نے ہمیشہ عوام کی خدمت کو ترجیح دی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہی ہے۔انہوں نے کارنر میٹنگز کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 20 جولائی 2011ء کو ہونیوالے آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے الیکشن میں حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیں اور انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرواکر کشمیر اور اس کے عوام کے مسائل کے حل کی راہ ہموار کردیں۔

## پاکستانی ایتھلیٹس نے اسپیشل اولمپکس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے پوری پاکستانی قوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے،رابطہ کمیٹی
## اسپیشل اولمپکس میں دنیا کے تیز ترین اسپیشل ایتھلیٹ عدیل امیر سمیت تمام پاکستانی
## کھلاڑیوں کوان کی شاندار کارکردگی پر رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی:۔۔۔05جولائی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایتھنز اسپیشل اولمپکس میں دنیا کے تیز ترین اسپیشل ایتھلیٹ قرار پانے پر پاکستانی کھلاڑی عدیل امیر سمیت تمام پاکستانی کھلاڑیوں کوان کی شاندار کارکردگی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ پاکستانی ایتھلیٹس نے اسپیشل اولمپکس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے پوری پاکستانی قوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے۔ایک تہنیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یونان کے شہر ایتھنز میں ہونے والے اسپیشل اولمپکس میں دنیا بھر سے 7500 کھلاڑیوں نے حصہ لیا تاہم پاکستان سے تعلق رکھنے والے 86رکنی کھلاڑیوں کے دستے نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اسپیشل اولمپکس بہترین کارکردگی پیش کرنے پر قومی ہیروز عدیل امیر سمیت ایک ایک کھلاڑی،کوچز اوران کے تمام اہل خانہ کو دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے اورامید ظاہر کی ہے کہ ایتھلیٹس کھلاڑی آئندہ بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے پاکستان کا نام روشن کرتے رہینگے۔

## واپڈا کی جانب سے پانی کی کٹوتی کا سختی سے نوٹس لیا جائے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی
## پانی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم رکھنا یزیدیت کی تاریخ دہرانے کے مترادف ہے

کراچی:۔۔۔05جولائی،2011ء

حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے واپڈا کی جانب سے مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہر کرنے اورواٹر بورڈ کے پانی کے کوٹے میں کٹوتی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے شہریوں کو پانی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم رکھنا یزیدیت کی تاریخ دہرانے کے مترادف ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی کو دس کروڑ گیلن یومیہ پانی منظوری کے باوجود گزشتہ کئی ماہ سے واپڈا ڈھائی کروڑ گیلن پانی کی کٹوتی کررہا ہے جس کی وجہ سے شہریوں کے معمولات زندگی شدید متاثر ہورہے ہیں جبکہ پانی کی قلت کی وجہ سے بیشتر علاقے خصوصاً پہاڑ گنج،بلدیہ،سائٹ،میٹروول،نارتھ کراچی،سرجانی لانڈھی،کورنگی،شاہ فیصل،ملیر،بلوچ کالونی،پی سی ایچ ایس کالونی سمیت دیگر علاقوں میں پانی کا شدید بحران پیدا ہوگیا ہے اوران علاقوں کے مکینوں کی زندگیاں اجیرن بن چکی ہے جبکہ واپڈا کے افسران اورانتظامیہ کواس سنگین صورتحال پر بار بار توجہ دلانے کے باجود مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی بجلی کی لوڈشیڈنگ،گیس،پیٹرول،سی این جی،روزمرہ استعمال کی اشیاء خوردنوش کی قیمتوں پراضافہ اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اوراب واپڈا کی جانب سے شہریوں کو پانی جیسی بنیادی ضرورت سے بھی محروم کیا جارہا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ واپڈا کی جانب سے پانی کی کٹوتی کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث عناصر کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون کے کارکن کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن:۔۔۔05جولائی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میرپورخاص زون یونٹ 3/C کی کمیٹی کے رکن محمد افروز خان کے ٹریفک حادثے کے نتیجے میں انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔05جولائی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میر پورخاص زون یونٹ 3/C کی کمیٹی کے رکن محمد افروز خان کے ٹریفک حادثے کے نتیجے میں اور ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹ 2-A کے یونٹ انچارج جاوید خانزادہ کی والدہ محترمہ منظوری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میر پورخاص زون یونٹ 3/C کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد افروز خان مرحوم کے بھیجتے کی جلد مکمل صحتیابی کے لئے دعا بھی کی ہے۔

## تحریکی ذمہ داریاں کانٹوں کی سیج کی مانند ہوتی ہیں۔حقوق کی جنگ میں عزم وحوصلے کی بڑی اہمیت ہے یہ وہ جذبہ ہے جس سے کامیابی وکامرانی حاصل ہوتی ہے۔اراکین زونل کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون

حیدرآباد:۔۔۔05جولائی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی نے کہا ہے کہ حقوق کی جنگ میں عزم وحوصلے کی بڑی اہمیت ہے یہ وہ جذبہ ہے جس سے کامیابی و کامرانی حاصل ہوتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیدرآباد زون سیکٹر C کے ذمہ داران وکارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رکن زونل کمیٹی راشد ممتاز نے بھی خطاب کیا جبکہ تربیتی نشست میں ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ تحریک میں ہر ذمہ دار وکارکن اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کر کے ذمہ داریوں سے عہدہ براں ہوں کیوں کہ ایم کیوایم سے وابستہ ہر فرد تحریکی ذمہ داریوں کا پابند ہوتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اپنے آپ کو قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے عین مطابق ڈھالنا ہوگا اور اپنے اندر ایسی ہی لگن پیدا کرنی ہوگی کہ جس سے ہم سچے نظریاتی بن سکیں۔انہوں نے کہا عہدہ اور تحریکی ذمہ داریوں میں واضح فرق ہوتا ہے تحریکی ذمہ داریاں کانٹوں کی سیج کی مانند ہوتی ہیں اور جب قائد تحریک الطاف حسین اور تحریک ہم پر اعتماد کرتے ہوئے ذمہ داریاں سونپتی ہیں تو ہمیں ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے سخت محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ نے کہا کہ ہمیں اپنی ذات سے لے کر کارکنان تک تمام چیزوں کو تحریکی انداز میں ڈھالنا ہوگا اور یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم نظریہ الطاف کو دل ودماغ میں بساتے ہوئے عزم وحوصلے کو بلند رکھیں اور تمام تر پریشانیوں اور آزمائشوں کی پرواکئے بغیر صرف تحریکی سوچ کو پروان چڑھانے کی جستجو میں لگے رہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے یوسی A/11 نواں گوٹھ سکھر میں خواتین کے لئے دوروزہ مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد

## کیمپ موجود مریضوں نے مفت علاج ومعالجے کی سہولیات ملنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحت وتندرسی اور درازی عمر کیلئے د

سکھر:۔۔۔05جولائی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے یوسی A/11 نواں گوٹھ سکھر میں خواتین کے لئے دوروزہ مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔جس میں سکھر شہر کی مشہور ماہر امراض نسواں ڈاکٹر فوزیہ فرحان راجانی،ڈاکٹر روزینہ راجانی،نے 200 سو سے زائد خواتین مریضوں کو الٹرا ساؤنڈ اور فری چیک اپ بھی کیا اور مریضوں میں طبی ادویات بھی فراہم کی گئیں۔اس موقع پر سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی نے کیمپ کو دورکیا اور وہاں پر موجود مریضوں سے ملاقات کی۔اس موقع پر مریضوں سے بات چیت کرتے ہوئے قطب الدین نے کہا کہ متحدہ کا مشن ومقصد دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہے اسی جذبے کے تحت آج سکھر جیسے علاقے میں عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے خصوصی طور پر میڈیکل کیمپ لگایا گیا ہے تاکہ اندرون سندھ کے شہروں میں موجود عوام کو علاج ومعالجے کی ہر ممکن امداد دی جاسکے۔یم کیوایم کراچی سمیت اندرون سندھ کے مختلف شہروں اور ملک بھر میں میں عوام کو علاج ومعالجہ کی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے مصروف عمل ہے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے خواتین کیلئے لگائے گئے مفت طبی کیمپ سے عوام کو فائدہ حاصل ہوگا۔اس موقع پر میڈیکل کیمپ موجود مریضوں نے مفت علاج ومعالجے کی سہولیات ملنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحت وتندرسی اور درازی عمر کیلئے دعا بھی کی۔

## 20 جولائی آزاد کشمیر میں حق پرستوں کی فتح کا دن ثابت ہوگا
## کشمیر میں متوسط طبقے کے عوام اپنے اتحاد و اتفاق کی بدولت پاکستان و کشمیر میں نظام کی تبدیلی کا باعث بنیں گے
## 22 جولائی حق پرستوں کی فتح کا دن ہے اس دن کشمیری عوام پتنگ پر مہر لگا کر ثابت کردینگے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والے ہیں، سید شاہین انور گیلانی

لاہور۔۔۔5 جولائی 2011ء

ایم کیوایم لاہور زون کے انچارج سید شاہین انور گیلانی نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ 98 فیصد غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مظلوموں کیلئے امید کی کرن ہے، کشمیری عوام قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد و منظّم ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 20 جون 2011ء کو ہونیوالے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست کشمیری نمائندوں کی کامیابی آزاد کشمیر میں رہنے والے ایک ایک کشمیری کے شاندار مستقبل کی ضمانت ہوگی ۔کشمیر کا فیصلہ سردار، جاگیردار اور وڈیرے نہیں بلکہ کشمیری عوام ہی کریں گے اور جو فیصلہ کشمیریوں کا ہوگا وہی فیصلہ کشمیر کا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ 22 جولائی حق پرستوں کی فتح کا دن ہے اس دن کشمیری عوام پتنگ پر مہر لگا کر ثابت کردینگے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والے ہیں۔قائد تحریک الطاف حسین کی رہنمائی میں میں انشاء اللہ پاکستان وکشمیر میں متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے اتحاد و اتفاق کی بدولت پاکستان وکشمیر میں نظام کی تبدیلی کا باعث بنیں گے اور متوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوکر رہے گی۔

## ایم کیوایم کی درخواستوں پر عدالتی فیصلہ کے بعد متحدہ کے کارکنوں کا لاہور میں جشن
## تمام اضلاع کے کارکنوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، ایم کیوایم اور قائد تحریک کے حق میں نعرہ بازی
## فیصلہ حق اور سچ کی فتح ہے، ثابت ہوگیا کہ ایم کیوایم کو دیوار سے لگانے کی سازش ہورہی تھی، کارکنان

لاہور۔۔۔05 جولائی 2011ء

آزاد جموں وکشمیر اور سندھ ہائیکورٹس کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کی درخواست پر فیصلہ کے بعد ایم کیوایم کے کارکنوں کا لاہور بھر میں جشن، ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں نعرہ بازی، فیصلہ کو حق اور سچ کی فتح قرار دیا۔دونوں ہائیکورٹس کے فیصلوں سے ایم کیوایم کے موقف کو تقویت ملی ہے اور یہ بات کھل کر سامنے آگئی ہے کہ دونوں نشستوں پر الیکشن کا التواء ایک سازش کا حصہ تھا اور الیکشن کمیشن کا یہ اقدام بدنیتی پر مبنی تھا۔ایم کیوایم کے کارکنان نے قیادت کے اصولی اور دانش مندانہ فیصلہ پر قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے قائدین اور کارکنان مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆